NHS
Greater Glasgow and Clyde

معلومات بابت آپ کا

ایم آر آئی (میگنیٹک ریزوننس امیجنگ) اسکین

(Information about your MRI (Magnetic Resonance Imaging) Scan - Urdu)

خالی پیٹ رہنے کی ضرورت ہے

آپ کے ڈاکٹر نے آپ کو ایم آر آئی (میگنیٹک ریزوننس امیجنگ) اسکین کے لیے بھیجا ہے۔

ایم آر آئی کیا ہے؟

ایم آر آئی اسکین میں ایک طاقتور مقناطیسی فیلڈ اور کمپیوٹر کا استعمال جسم کے اندر کی تصویر بنانے کے لیے کیا جاتا ہے۔

آپ کے ایم آر آئی اسکین سے پہلے

آپ کے تحفظ کے لیے اور بے فائدہ سفر سے بچنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ آپ منسلکہ ایم آر آئی کا تحفظ سے متعلق چیک لسٹ سوالنامہ مکمل کریں۔ براہ کرم مکمل شدہ سوالنامہ اپنے ساتھ لے کر آئیں۔ اگر ایم آر آئی اسکین کے لیے موزوں ہونے کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ کرم ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کریں (عقبی صفحہ پر رابطے کی تفصیلات دیکھیں)۔

اگر آپ میں درج ذیل میں سے کوئی چیز لگی ہوئی ہے تو آپ ایم آر آئی اسکین نہیں کروا سکتے:

- کارڈیک (دل) پیس میکر
- کوکلیئر (کان) امپلانٹ
- دماغ میں شریانی پھیلاؤ کے لیے دھاتی کلپ
- آنکھ میں دھاتی ریزے
- مخصوص میکانیکی امپلانٹس۔

ذیابیطس

اگر آپ کو ذیابیطس ہے تو براہ کرم معمول کے مطابق دوائیں لینا جاری رکھیں۔

خاتون مریضائیں

اگر آپ حاملہ ہیں یا آپ کو لگتا ہے کہ آپ حاملہ ہوسکتی ہیں تو براہ کرم ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کریں (عقبی صفحہ پر رابطے کی تفصیلات دیکھیں)۔

اگر آپ بچے کو اپنا دودھ پلاتی ہیں تو ڈپارٹمنٹ سے رابطہ کریں کیونکہ آپ کو کنٹراسٹ ایجنٹ (ڈائی) کے انجیکشن کی ضرورت ہوسکتی ہے جس کا مطلب ہے کہ آپ اپنی ایم آر آئی کے بعد ایک وقفے، عام طور پر 24 گھنٹے تک، اپنا دودھ نہیں پلا سکیں گی۔

کیا مجھے تیاری کرنے کی ضرورت ہے؟

ہاں۔ اپنے اسکین سے قبل **4 گھنٹوں** تک کچھ نہ کھائیں پیئیں۔

ہم آپ سے لباس تبدیل کرکے اسپتال کا گاؤن پہننے کو کہہ سکتے ہیں۔ ہم آپ سے نقلی دانت، زیورات، آلہ سماعت، ہیئر پن اور آنکھوں کا میک اپ اتار دینے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

براہ کرم اپنے اسکین کے لیے آتے وقت کوئی قیمتی چیز نہ لائیں۔

اسکین کے دوران کیا ہوتا ہے؟

ہم آپ سے ایک آرام دہ کاؤچ پر لیٹنے کو کہیں گے جسے ہم مقناطیس کے اندر لے جاتے ہیں۔

ہم آپ سے اپنے جسم کو بالکل ساکت رکھنے کو کہیں گے۔

آپ کو کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوگی، لیکن اسکین کے دوران آپ کو تھوڑی بھنبھناہٹ یا کھٹکھٹ جیسا شور سنائی دے سکتا ہے، جو پوری طرح غیر نقصان دہ ہیں۔

اسکینر کو چلانے والا ریڈیوگرافر پورے اسکین کے دوران آپ کو دیکھ اور سن سکے گا۔ آپ کے پاس بزر بھی ہوگا جسے آپ کوئی پریشانی ہونے کی صورت میں دبا سکتے ہیں اور ریڈیوگرافر آپ سے بات کرے گا۔

آپ اسکین کے دوران سننے کے لیے سی ڈی لاسکتے ہیں۔

اسکین میں کتنا وقت لگے گا؟

اسکین میں 30 منٹ اور 2 گھنٹوں کے درمیان کا وقت لگ سکتا ہے۔

مجھے نتائج کب معلوم ہوں گے؟

ریڈیولوجسٹ (ایک اسپیشلائزڈ ڈاکٹر) آپ کے اسکینز کا جائزہ لے گا اور نتائج ایسے شخص کو بھیجیے گا جنہوں نے آپ کو جانچ کے لیے بھیجا ہے۔ آپ کو بھیجنے والا فرد آپ کو نتیجے سے آگاہ کرنے کے انتظامات کرے گا۔

کوئی دیگر سوالات ہیں؟

براہ کرم ایم آر آئی کے ڈپارٹمنٹ میں اسکین سے قبل یا اس کے دوران ریڈیوگرافر سے پوچھیں۔

آپ کا اپائنٹمنٹ

اگر آپ اس اپائنٹمنٹ پر نہیں آسکتے ہیں تو براہ کرم ہمیں جتنی جلدی ممکن ہو بتا دیں - ہم دوسرا اپائنٹمنٹ مقرر کرسکتے ہیں اور آپ کا اپائنمٹنٹ دوسرے مریض کو دے سکتے ہیں۔

براہ کرم اپنے اسکین کے لیے وقت پر تشریف لائیں۔

اگر آپ کو مشورہ کی ضرورت ہو تو ہمیں کال کریں۔

مرکز رابطہ کا ٹیلیفون نمبر

0141 347 8379
www.nhsgg.org.uk

Equalities In Health

نظرثانی کی تاریخ: جولائی 2018

MI • 290673 - Urdu